اسلامک کوئز سیریز




# ختمِ نبوت کوئز



**6** چھٹی جماعت

محمد عثمان عارف

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# پیش لفظ

تعلیمی اداروں کے مقاصد میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اپنے فارغ التحصیل طلباء میں دورِ جدید میں درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرے۔ خصوصاً عصرِ حاضر کے پُرفتن دور میں اس کی ضرورت دو چند ہوگئی ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کا ایک آسان اور دلچسپ طریقہ بذریعہ سوال و جواب انھیں اہم معلومات بہم پہنچانا بھی ہے۔ زیرِ نظر کتابچہ اس مقصد کو مدّنظر رکھتے ہوئے خاص اسلوب میں ترتیب دیا گیا ہے۔

امید ہے کہ یہ کوشش طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخشنے اور انھیں پیش آمدہ فتنوں کا سامنا کرنے کے قابل بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

ٹائیٹل ڈیزائننگ : ---------- محمد صفت الٰہی

ڈیزائننگ : ---------- محمد احمد/حسان عزیز

پروف ریڈنگ : ---------- ام احسن

اشاعت : ---------- چہارم

ناشر : ---------- اساس انسٹیٹیوٹ

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست مضامین ختمِ نبوت کوئز

چھٹی جماعت


موضوع | 01 ختمِ نبوت کوئز 05

- مختصر سوالات 06
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) 15

موضوع | 02 عظمتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کوئز 23

- مختصر سوالات 24
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) 33

موضوع

# 01

# ختمِ نبوت کوئز

موضوع

# 01 ختم نبوت کوئز

## مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر01 |** اللہ تعالیٰ کے لامحدود خزانوں میں سب سے قیمتی خزانہ کیا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ کے لامحدود خزانوں میں سب سے قیمتی خزانہ ایمان کی نعمت ہے۔

۞ **سوال نمبر02 |** ایمان کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** آپ ﷺ نے جو عقائد و احکام بیان فرمائے ہیں انھیں دل سے ماننے اور زبان سے ان کا اقرار کرنے کو ایمان کہتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر03 |** ایمان کی بقاء کن تین چیزوں میں ہے؟

**جواب:** **01 |** عقائد کی پختگی **02 |** اعمال کی پابندی **03 |** فتنوں سے آگاہی

۞ **سوال نمبر04 |** عقیدہ کسے کہتے ہیں اور دین اسلام میں اس کی کیا حیثیت ہے؟

**جواب:** عقیدہ عربی زبان کے لفظ "عُقْدَہ" سے ماخوذ ہے جس کے معنی گرہ کے ہیں یعنی ایسی مضبوط گرہ جو بندے اور رب کے درمیان تعلق کو مضبوط بناتی ہ۔ جسے دنیا کی کوئی لالچ، خوف وغیرہ توڑ نہ سکے۔

۞ **سوال نمبر05 |** ایمان کا تعلق عقیدہ کے ساتھ ہے یا عمل کے ساتھ؟

**جواب:** ایمان کا تعلق عقیدہ سے ساتھ ہے درست عقائد ہی حقیقی ایمان کے ضامن ہیں۔ عقیدے کی خرابی ایمان کی

خرابی ہے۔ نیز عمل کی قبولیت کا دارومدار بھی عقیدے پر ہے۔

**سوال نمبر06** | کفر کی تعریف بیان کریں؟

**جواب:** دین اسلام سے متعلق کسی ایک بھی عقیدے یا حکم کا انکار کفر کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 07** | جدید دور میں کفر کا طریقۂ واردات کیا ہے؟

**جواب:** دشمن اسلام آج کے دور میں مسلمانوں سے صرف عقائد کا انکار کروانے پر محنت نہیں کر رہے بلکہ ان کے ذہنوں میں عقائد و اعمال کے متعلق شکوک وشبہات پیدا کر رہے ہیں۔

**سوال نمبر 08** | کن باتوں سے مسلمان کے ایمان میں خلل پیدا ہوسکتا ہے؟

**جواب:** **01** | اسلامی عقائد، احکام و سنن کا مذاق اڑانا

**02** | کفار کی مذہبی یا سماجی سرگرمیوں/رسوم سے مرعوبیت

**سوال نمبر09** | دین اسلام میں فتنہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ کفر اور گمراہی جسے اسلام کی شکل میں پیش کیا جائے۔

**سوال نمبر10** | فتنہ کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

**جواب:** **01** | دین اسلام کو نقصان پہنچانا **02** | مسلمانوں کا ایمان لوٹنا

**سوال نمبر11** | فتنہ کفر سے زیادہ مہلک اور خطرناک کیوں ہے؟

**جواب:** فتنہ گر ظاہری عقائد و اعمال میں مسلمانوں سے مشابہ ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی پہچان ممکن نہیں ہوتی۔ کوئی بھی مسلمان اس کی ظاہری ہیئت سے دھوکا کھا کر فتنے میں مبتلا ہوسکتا ہے۔

**سوال نمبر12** | آخری دور میں فتنوں کی شدت اور کثرت کیسی ہوگی کسی ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم یا ترجمہ لکھیں؟

**جواب:** آخری دور میں فتنوں کی یکے بعد دیگرے ایسی یلغار ہوگی کہ ان پر قابو پانا مشکل ہو جائے گا۔

**سوال نمبر 13** | اسلام کے چند بنیادی عقائد لکھیں/بتائیں؟

**جواب:** **01** | توحید **02** | رسالت **03** | آخرت

**سوال نمبر 14** | دین اسلام میں اہمیت کے لحاظ سے سب سے بنیادی عقیدہ کون سا ہے؟

**جواب:** عقیدۂ رسالت (کیونکہ تمام عقائد اور تعلیمات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کے واسطے سے ہم تک پہنچے)

**سوال نمبر 15** | عقیدہ ختم نبوت کی مکمل تعریف لکھیں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد نہ تو کوئی نبی پیدا ہو گا نہ کسی کو نبوت سے سرفراز کیا جائے گا۔

**سوال نمبر 16** | عقیدۂ ختم نبوت کی اہمیت واضح کرنے والی آیات قرآنی اور احادیث مبارکہ کی تعداد کتنی ہے؟

**جواب:** قرآن پاک کی **100** آیات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی **210** احادیث مبارکہ ختم نبوت کی اہمیت کو واضح کرتی ہیں۔

**سوال نمبر 17** | عقیدہ ختم نبوت کی فضیلت کے متعلق کوئی ایک واقعہ لکھیں۔

**جواب:** جنگ یمامہ میں تحفظ ختم نبوت کی خاطر **1200** صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنی جانوں کی قربانی دی جن میں **700** حفاظ اور قرأ صحابہ بھی شامل تھے۔ اس کے علاوہ **70** بدری صحابہ نے بھی اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

**سوال نمبر 18** | عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت واضح کریں؟

**جواب:** جیسے عقیدہ ختم نبوت کا انکار کرنے والا کافر ہے ایسے ہی عقیدہ ختم نبوت پر شک کرنے والا بھی کافر ہے۔

**سوال نمبر 19** | عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے قرآن پاک کی کسی ایک آیت مبارکہ کا مفہوم لکھیں۔

**جواب:** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں۔

**سوال نمبر 20** | عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے کسی ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم بیان کریں۔

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت میں **30** جھوٹے پیدا ہوں گے ان میں سے ہر ایک کا یہ دعویٰ ہو گا کہ وہ نبی ہے لیکن میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہو گا۔

**سوال نمبر 21** | قادیانی طبقہ مسلمانوں پہ اعتراض کرتا ہے کہ ہم نماز، روزہ، کلمہ اور دیگر اعمال مسلمانوں جیسے ہی کرتے ہیں تو پھر ہمیں کافر کیوں کہا جاتا ہے؟

**جواب:** قادیانیوں کو ان کے غلط اور کفریہ عقائد کی بنا پر کافر قرار دیا گیا ہے۔ نا کہ ان کے ظاہری اعمال اور عبادات کی وجہ سے

**سوال نمبر 22 |** قادیانیوں کے کفر کی کتنی وجوہات ہیں؟ کوئی سی پانچ وجوہات لکھیں۔

**جواب:** قادیانیوں کے کفر کی نمایاں وجوہات تقریباً 19 ہیں۔ جن میں سے چند درج ذیل ہیں:

**01 |** مرزا قادیانی کا دعویٰ نبوت و رسالت
**02 |** اللہ تعالیٰ کی توہین
**03 |** قرآن پاک کی توہین
**04 |** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہین
**05 |** انبیاء علیہم السلام کی توہین
**06 |** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین
**07 |** صحابہ کرام و اہل بیت رضی اللہ عنہم کی توہین

**سوال نمبر 23 |** مرزا قادیانی کا اصل دعویٰ کیا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی نے دعویٰ کیا کہ وہ بذاتِ خود محمد رسول اللہ ہے جو دین اسلام کی اشاعت کے لیے دوبارہ دنیا میں آیا ہے اور (نعوذ باللہ) اصل محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کئی گنا افضل بن کر آیا ہے۔

**سوال نمبر 24 |** قادیانی طبقہ مسلمانوں کا کلمہ ہی کیوں پڑھتا ہے؟

**جواب:** قادیانی طبقہ مسلمانوں کا کلمہ اس لیے پڑھتا ہے کیونکہ ان کا عقیدہ ہے کہ مرزا قادیانی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علیحدہ کوئی شخص نہیں ہے، بلکہ بذات خود محمد رسول اللہ ہے (نعوذ باللہ)

**سوال نمبر 25 |** قادیانی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟

**جواب:** قادیانی چونکہ مسلمان مرزا قادیانی کو اللہ کا نبی نہیں مانتے۔ لہٰذا قادیانی انھیں کافر اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں۔

**سوال نمبر 26 |** قادیانی اخلاق کی اصل حقیقت کیا ہے؟

**جواب:** قادیانی مسلمانوں کا ایمان لوٹنے کے لیے اپنے ظاہری حسن اخلاق کو ہتھیار کے طور پر یوں استعمال کرتے ہیں جیسے شکاری شکار کو پھنسانے کے لیے دانہ ڈالتا ہے لہٰذا یہ ان کی رحم دلی نہیں بلکہ شکار کو پھنسانے کی ترکیب ہے۔

**سوال نمبر 27 |** قادیانیوں کے حسن اخلاق کی اصل حقیقت کیا ہے؟ کوئی حوالہ پیش کیجیے؟

**جواب:** اس سلسلے میں مرزا قادیانی کے ملفوظات ملاحظہ کیجیے۔ وہ لکھتا ہے ہمارے دشمن بیابانوں کے خنزیر ہو گئے اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئی ہیں۔

**سوال نمبر28** | کفر کی بنیادی طور پر کتنی اقسام ہیں؟

**جواب:** کفر کی تین بنیادی اقسام ہیں۔

**01** | عام کافر **02** | مرتد کافر **03** | زندیق کافر

**سوال نمبر29** | عام کافر، مرتد کافر اور زندیق کافر میں کیا فرق ہے؟

**جواب: عام کافر:** وہ ہوتا ہے جو اپنی شناخت اپنے مذہب کی بنیاد پر کرائے اور مسلمانوں کو مسلمان تسلیم کرے۔

**مرتد کافر:** وہ ہے جو اسلام کو چھوڑ کر کسی دوسرے مذہب کو قبول کر لے۔

**زندیق کافر:** وہ کافر ہے جو اپنے کفر کو عین اسلام اور اسلام کو کفر قرار دے۔

**سوال نمبر30** | قادیانیوں کے ساتھ کس قسم کا تعلق رکھا جا سکتا ہے؟

**جواب:** پاکستان بھر کے تمام مسالک کے **1450** سے زائد مفتیان کرام کا متفقہ فتویٰ ہے کہ قادیانیوں کا شخصی اور معاشی مکمل بائیکاٹ کیا جائے۔ ان سے کسی قسم کا تعلق رکھنا ناجائز اور حرام ہے نیز جو ان کے کفریہ عقائد جاننے کے باوجود ان سے تعلق رکھے گا تو (اندیشہ کفر) اس کا ایمان خطرے میں پڑ جائے گا۔

**سوال نمبر31** | قادیانیوں کی پاکستان میں نمایاں مصنوعات کون کون سی ہیں؟

**جواب:** شیزان کی تمام مصنوعات، پنجاب آئل ملز لمیٹڈ (ذائقہ بناسپتی و کوکنگ آئل، Canolive Oil، راجہ سوپ) beta پائپ، شاہ تاج شوگر ملز، یونیورسل سٹیبلائزر، مشموم کمپنی کی مصنوعات وغیرہ۔

**سوال نمبر32** | سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق مسلمانوں کا عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ پاک کے برگزیدہ اور صاحب معجزات پیغمبر ہیں، ان کی ولادت محض اللہ تعالیٰ کی قدرت سے، بن باپ کے ہوئی۔ یہودیوں نے انھیں گرفتار کر کے ذلت کے ساتھ قتل کرنا چاہا لیکن اللہ تعالیٰ نے انھیں زندہ حالت میں آسمانوں پر اٹھا لیا اور وہ قیامت کے قریب حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی کی حیثیت سے دوبارہ اس دنیا میں نازل ہوں گے اور پوری دنیا میں اسلام کو غالب کریں گے۔

**سوال نمبر33** | سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق قادیانیوں کا عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق قادیانیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ یہودیوں نے سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گرفتار

کیا انھیں کانٹوں کا تاج پہنایا، ان کی تذلیل کی اور پھر سولی پر چڑھا دیا لیکن وہ سولی پر فوت ہونے کی بجائے بے ہوش ہو گئے تو سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں نے انھیں سولی سے اتارا اور سری نگر کشمیر کے محلہ خان یار میں لے آئے۔ جہاں وہ فوت ہونے کے بعد دفن ہوئے۔ العیاذ باللہ۔

**سوال نمبر 34** | سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ دنیا میں آنے کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنی نشانیاں بیان کی ہیں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے متعلق تقریباً **150** سے زائد نشانیاں بیان کی ہیں۔

**سوال نمبر 35** | سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول کے متعلق چند نشانیاں بیان کریں؟

**جواب:**
01 | آپ جامع مسجد دمشق کے مشرقی مینار کے قریب نازل ہوں گے۔
02 | آپ دو زرد چادریں پہنے ہوئے نازل ہوں گے۔
03 | آپ دو فرشتوں کے پروں پر ہاتھ رکھے نازل ہوں گے۔
04 | آپ بیت اللہ کا حج کریں گے۔
05 | آپ مدینہ طیبہ روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حاضر ہوں گے۔
06 | آپ دنیا سے جنگ وقتال کا خاتمہ کر دیں گے۔
07 | آپ دنیا سے ٹیکس اور جزیہ ختم کر دیں گے۔
08 | آپ لوگوں میں مال تقسیم کریں گے۔
09 | آپ دجال اکبر کو مقام لُد پر قتل کریں گے۔
10 | آپ اسلام کو پوری دنیا میں غالب کریں گے۔
11 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلو مبارک میں دفن ہوں گے۔

**سوال نمبر 36** | مرزا قادیانی کی سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کیے گئے توہین آمیز دعوؤں میں سے کوئی سے تین تحریر کریں؟

**جواب:**
01 | مرزا قادیانی کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام بی بی مریم صدیقہ کی بدکاری کی وجہ سے پیدا ہوئے۔ (نعوذ باللہ)
02 | مرزا کے مطابق کہ عیسیٰ علیہ السلام شراب پیا کرتے تھے۔ (نعوذ باللہ)

03 | مرزا نے لکھا عیسیٰ علیہ السلام بدکار عورتوں کے ساتھ تعلق رکھتے تھے۔ (نعوذ باللہ)

**سوال نمبر37** | امام مہدی علیہ الرضوان کے متعلق مسلمانوں کا عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قربِ قیامت کی بہت سی نشانیاں بیان فرمائی ہیں ان میں سے ایک نشانی حضرت مہدی علیہ الرضوان کا ظہور اور ان کی خلافت کا قیام بھی ہے۔ احادیث مبارکہ میں حضرت مہدی علیہ الرضوان کے ظہور سے پہلے اور بعد کے حالات، ان کا نام، نسب اور حلیہ بھی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

**سوال نمبر38** | امام مہدی علیہ الرضوان کی کچھ نشانیاں بیان کریں جو احادیث مبارکہ میں آئی ہیں؟

**جواب:** 01 | امام مہدی علیہ الرضوان کا اصل نام ''محمد'' ہوگا۔

02 | امام مہدی علیہ الرضوان کے والد کا نام ''عبداللہ'' ہوگا۔

03 | امام مہدی علیہ الرضوان کی زبان ''عربی'' ہوگی۔

04 | امام مہدی علیہ الرضوان ''اہل مدینہ'' سے ہوں گے۔

05 | امام مہدی علیہ الرضوان نسب کے اعتبار سے ''سیّد'' ہوں گے۔

06 | امام مہدی علیہ الرضوان کے پاس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ''کرتہ مبارک'' اور ''تلوار مبارک'' بھی ہوگی۔

**سوال نمبر39** | مرزا قادیانی کا بچپن کیسا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی بچپن سے ہی آوارہ اور چور تھا۔ اس کا بیٹا لکھتا ہے کہ مرزا قادیان کے جوہڑوں میں تیرا کی کیا کرتا تھا۔

**سوال نمبر40** | مرزا قادیانی کی جوانی کیسی تھی؟

**جواب:** مرزا قادیانی پرلے درجے کا عیاش آدمی تھا۔ نوجوانی میں اپنے دادا کی پنشن وصول کر کے سارا پیسہ عیاشی اور بے حیائی کے کاموں میں اڑا دیا پھر باز پرس کے خوف سے گھر جانے کی بجائے سیالکوٹ کچہری میں معمولی تنخواہ پر ملازم ہوگیا۔

**سوال نمبر41** | مرزا قادیانی کی خدمت گزار عورتوں کے نام لکھیں۔

**جواب:** مرزا قادیانی کی خدمت گزار عورتوں کے نام یہ ہیں:

01 | منشیانی　02 | فجو　03 | اہلیہ بابو شاہ دین

04 | بھانو　05 | زینب　06 | ڈاکٹرنی　07 | مہرو

**سوال نمبر42** | مرزا قادیانی کے فرشتوں کے نام لکھیں۔

**جواب:** 01 | ٹیچی ٹیچی 02 | خیراتی 03 | مٹھن لال
04 | درشنی 05 | میٹھی روٹی والا فرشتہ

**سوال نمبر43** | مرزا قادیانی کو شیطانی وحی کس کس زبان میں ہوئی؟

**جواب:** مرزا قادیانی کو انگلش، اُردو، پنجابی، فارسی، الجیری اور دیگر ایسی زبانوں میں وحی ہوئی جن کو وہ خود بھی نہیں جانتا تھا۔

**سوال نمبر44** | پاکستان کا آئین اور قانون قادیانیوں کو کس چیز سے روکتا ہے؟

**جواب:** پاکستان کا آئین اور قانون قادیانیوں کو شعائر اسلامی (جیسے اذان، نماز، مسجد، قربانی وغیرہ) کے استعمال سے روکتا ہے یعنی قادیانی اپنے مذہب کو اسلام نہیں کہہ سکتے، اپنی عبادت کو نماز نہیں کہہ سکتے، اپنی عبادت گاہ کو مسجد نہیں کہہ سکتے اور نہ ہی اپنے لیئے کوئی اسلامی لقب استعمال کر سکتے ہیں۔

**سوال نمبر45** | قادیانیوں کو شعائر اسلامی سے روکنے والا قانون کیوں بنایا گیا؟

**جواب:** کیونکہ **1974**ء میں کافر قرار دیئے جانے کے بعد قادیانیوں نے شعائر اسلامی کا کھلم کھلا استعمال کرنا شروع کر دیا تھا۔ لہٰذا یہ قانون بنایا گیا۔ تاکہ مسلمان ان کی ظاہری صورت سے دھوکا نہ کھالیں۔

**سوال نمبر46** | کیا قادیانی پاکستان کے آئین و قانون کو مانتے ہیں؟

**جواب:** پاکستان کے آئین و قانون کو ماننا تو دور کی بات قادیانی مرزا کی بیوی کو امہات المومنین، مرزا کی بیٹی کو سیدۃ النساء (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب) اور مرزا کے دوستوں کو صحابہ لکھتے ہیں، جبکہ مرزا کی شیطانی وحی کو قرآن کا درجہ دیتے ہیں، نیز مرزا کے جانشینوں کو خلیفہ کا نام دیتے ہیں۔

**سوال نمبر 47** | دورِ حاضر میں گمراہی کے تیزی سے پھیلنے کی وجوہات کیا ہیں؟

**جواب:** اسلامی عقائد و تعلیمات سے ناآشنائی نیز فتنوں کی حقیقت سے لاعلمی کی وجہ سے گمراہی پھیل رہی ہے۔

**سوال نمبر 48** | تعلیمی اداروں کے طلباء ختم نبوت کا کام کیسے کر سکتے ہیں؟

**جواب:** 01 | طلباء دورانِ تعلیم اپنے اپنے تعلیمی اداروں میں قادیانی فتنے کے متعلق آگاہی مہم چلا سکتے ہیں۔
02 | عملی زندگی میں اپنے ہم پیشہ افراد کی مدد سے اعلیٰ افسران سے روابط کے ذریعے اس فتنے کو ختم

کرنے کی جدوجہد میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔

**سوال نمبر49** | آپ سوشل میڈیا کو ختم نبوت کے کام کے لیے کس طرح استعمال کر سکتے ہیں؟

**جواب:** شبان سوشل میڈیا پہ ختم نبوت کی بھرپور تشہیر کے ذریعے آپ بھی ختم نبوت کے صف اول کے مجاہد بن سکتے ہیں۔

**سوال نمبر 50** | بحیثیت مسلمان ہم پر ختم نبوت کے حوالے سے کون سی ذمہ داری عائد ہوتی ہے؟

**جواب:** ختم نبوت اور اس حوالے سے کی جانے والی جدوجہد میں اپنی جان، مال، وقت اور صلاحیتیں لگانا ہر مسلمان کا اولین فریضہ اور ذمہ داری ہے۔

**سوال نمبر51** | قادیانیت کے فتنے کو روکنے کا مؤثر طریقہ کیا ہو سکتا ہے؟

**جواب:** ہر قادیانی ادارہ اپنی آمدن کا مخصوص حصہ قادیانی جماعت کو دیتا ہے لہٰذا ان کی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کروا کر اور اس فتنے کے خلاف بھرپور کردار ادا کر کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت حاصل کر سکتے ہیں۔

موضوع

# 01 ختم نبوت کوئز

## کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر 01** | اللہ تعالیٰ کے لامحدود خزانوں میں سب سے قیمتی خزانہ اور نعمت کیا ہے؟

■ زندگی ■ دولت ■ طاقت ☑ **ایمان**

**سوال نمبر 02** | ایمان کسے کہتے ہیں؟

■ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے عقائد کا زبان سے اظہار۔

■ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بتائی ہوئی باتوں پر عمل کرنا۔

☑ **حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے عقائد کا زبان سے اقرار اور دل سے تصدیق کرنا۔**

■ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بتائی ہوئی باتیں دوسروں کو بتانا۔

**سوال نمبر 03** | ایمان کی بقاء کن تین چیزوں میں ہے؟

■ عقائد کی پختگی ■ اعمال کی پابندی

■ فتنوں سے آگہی ☑ **تینوں**

**سوال نمبر 04** | اسلام میں عقیدہ کسے کہتے ہیں؟

■ بندے کا بندے سے تعلق ■ بندے کا مال سے تعلق

■ بندے کا رشتہ داروں سے تعلق ☑ **بندے کا اللہ تعالیٰ سے مضبوط تعلق**

**سوال نمبر 05 |** ایمان کا تعلق کس چیز سے ہے؟

☑ عقیدے سے
■ عمل سے
■ عبادت سے
■ سب سے

**سوال نمبر 06 |** کفر کسے کہتے ہیں؟

■ اسلامی عقائد کا انکار
■ اسلامی عقائد میں شک کرنا
■ اسلامی عقائد و اعمال کا مذاق اڑانا
☑ **ان سب باتوں کو**

**سوال نمبر 07 |** آج کے دور میں باطل قوتوں کی جدوجہد کا طریقہ کار کیا ہے؟

■ اسلام کا انکار کروانا
■ نماز کا انکار کروانا
☑ **عقائد اور اعمال میں شک پیدا کروانا**
■ یہ تمام کام کروانا

**سوال نمبر 08 |** کن باتوں سے مسلمان کا ایمان چلا ضائع ہوجاتا؟

■ اسلام پر عمل نہ کرنے سے
■ نماز نہ پڑھنے سے
☑ **اسلامی عقائد کا مذاق اور کفریہ عقائد کی تعریف کرنے سے**
■ یہ سب کرنے سے۔

**سوال نمبر 09 |** دین اسلام میں فتنے سے کیا مراد ہے؟

■ کفر جسے کفر کی شکل میں پیش کیا جائے۔
■ مال و دولت، جسے کفر کی شکل میں پیش کیا جائے۔
☑ **کفر جسے اسلام کی شکل میں پیش کیا جائے۔**
■ ان تینوں کو

**سوال نمبر 10 |** فتنے کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

■ اسلام کو نقصان پہنچانا
■ مسلمانوں کا ایمان لوٹنا
■ مال و دولت کو نقصان پہنچانا
☑ **نمبر 1 اور 2**

**سوال نمبر 11** | فتنہ کفر سے زیادہ مہلک اور خطرناک کیوں ہے؟

■ مسلمان کے روپ میں کفر پھیلاتا ہے ■ فتنے کی پہچان مشکل ہوتی ہے۔

■ دوست بن کر نقصان پہنچاتا ہے۔ ☑ **تینوں درست ہیں۔**

**سوال نمبر 12** | اسلام کے چند بنیادی عقائد کون سے ہیں؟

■ توحید ■ رسالت ■ آخرت ☑ **تینوں درست ہیں۔**

**سوال نمبر 13** | عقیدہ ختم نبوت کی تعریف کیا ہے؟

■ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا۔

■ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد قیامت تک کسی کو نبوت عطا نہیں کی جائے گی۔

■ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد انبیاء کرام کی تعداد میں اضافہ نہیں ہوگا۔

☑ **تینوں جوابات ٹھیک ہیں۔**

**سوال نمبر 14** | ختم نبوت کے حوالے سے آیاتِ قرآنی اور احادیث مبارکہ کی تعداد کتنی ہے؟

☑ **100 آیات، 210 احادیث** ■ 100 آیات، 200 احادیث

■ 110 آیات، 210 احادیث ■ 110 آیات، 200 احادیث

**سوال نمبر 15** | عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت کیلیے کتنے صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے؟

☑ 1200 ■ 1210 ■ 1250 ■ 700

**سوال نمبر 16** | عقیدہ ختم نبوت کس قدر حساس عقیدہ ہے؟

■ اس کا انکار کرنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ ■ اس میں شک کرنے والا کافر ہو جاتا ہے۔

■ اس کا علم نہ رکھنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ ☑ **تینوں ٹھیک ہیں۔**

**سوال نمبر 17** | قادیانی کیوں کافر ہیں؟ کافر کیوں کہلاتے ہیں؟

■ قادیانی اپنے عمل کی وجہ سے کافر ہیں۔ ■ قادیانی اپنے اخلاق کی وجہ سے کافر ہیں۔

■ تینوں ٹھیک ہیں۔ ☑ **قادیانی اپنے کفریہ عقائد کی وجہ سے کافر ہیں۔**

**سوال نمبر 18** | دین اسلام میں اہمیت کے لحاظ سے سب سے بنیادی عقیدہ کونسا ہے؟

■ توحید ■ آخرت ■ تینوں ☑ **رسالت (ختم نبوت)**

**سوال نمبر 19** | مرزا قادیانی کہاں پیدا ہوا؟

■ لاہور ■ اسلام آباد ■ دہلی ☑ **قادیان**

**سوال نمبر 20** | مرزا قادیانی نے دعویٰ نبوت کب کیا؟

■ 1900 ☑ **1901** ■ 1905 ■ 1908

**سوال نمبر 21** | مرزا قادیانی کا اصل دعویٰ کیا تھا؟

■ مہدی ہونے کا ■ مسیح ہونے کا

■ نبی ہونے کا ☑ **محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہونے کا**

**سوال نمبر 22** | قادیانی مسلمانوں والا کلمہ کیوں پڑھتے ہیں؟

■ مرزا قادیانی کو محمد (ثانی) سمجھنے کی وجہ سے۔

■ مسلمانوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لیے۔

■ خود کو مسلمان ظاہر کرنے کے لیے۔

☑ **یہ تینوں وجوہات ہیں۔**

**سوال نمبر 23** | قادیانی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟

☑ **کافر** ■ مسلمان ■ منافق ■ کچھ بھی نہیں

**سوال نمبر 24** | قادیانی اخلاق کی اصل حقیقت کیا ہے؟

☑ **مسلمانوں کو فریب دے کر ایمان لوٹنا۔**

■ مسلمانوں کا مال لوٹنا۔

■ مسلمانوں کی عزت لوٹنا۔

■ مسلمانوں کا ملک لوٹنا۔

**سوال نمبر 25 | مرزا قادیانی کو نہ ماننے والوں کو قادیانی کیا سمجھتے ہیں؟**

- ■ مرزا کو نبی نہ ماننے والوں کو خنزیر اور کتیا کے نام سے پکارتے ہیں۔
- ■ مرزا کو نبی نہ ماننے والوں کو کنجریوں کی اولاد کہتے ہیں۔
- ■ مرزا کو نہ ماننے والوں کو پکا کافر کہتے ہیں۔
- ☑ **یہ سب کہتے ہیں۔**

**سوال نمبر 26 | کفر کی بڑی اقسام کون کون سی ہیں؟**

- ☑ **عام کافر، مرتد کافر، زندیق کافر**
- ■ عام کافر، چھوٹا کافر، بڑا کافر
- ■ عام کافر، بڑا کافر، بدترین کافر
- ■ تینوں آپشنز ٹھیک ہیں

**سوال نمبر 27 | زندیق کافر کسے کہتے ہیں؟**

- ☑ **جو کفر کو اسلام اور اسلام کو کفر کہتا ہے۔**
- ■ جو کفر کو کفر اور اسلام کو اسلام کہتا ہے۔
- ■ جو کفر کو اسلام اور اسلام کو اسلام کہتا ہے۔
- ■ جو کفر کو کفر اور اسلام کو کفر کہتا ہے۔

**سوال نمبر 28 | قادیانیوں کے ساتھ کس قسم کا تعلق رکھا جا سکتا ہے؟**

- ■ سماجی و معاشی تعلق
- ■ سماجی تعلق
- ■ انسان دوستی
- ☑ **کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہیں رکھا جا سکتا۔**

**سوال نمبر 29 | قادیانیوں کی بڑی بڑی مصنوعات کون کون سی ہیں؟**

- ■ شیزان، Beta پائپ
- ■ ذائقہ بناسپتی و کوکنگ آئل
- ■ شاہ تاج شوگر ملز، یونیورسل سٹیبلائزر
- ☑ **یہ تمام مصنوعات**

**سوال نمبر 30 | سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق مسلمانوں کا عقیدہ کیا ہے؟**

- ■ آپ اللہ کے نبی تھے
- ■ آپ بغیر باپ کے پیدا ہوئے
- ■ آپ آسمانوں پہ زندہ اُٹھا لیے گئے اور قربِ قیامت آسمانوں سے نازل ہوں گے۔
- ☑ **تمام جوابات ٹھیک ہیں۔**

**سوال نمبر31** | سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق قادیانیوں کا عقیدہ کیا ہے؟

■ انہیں گرفتار اور ذلیل کیا گیا ■ انھیں سولی پر چڑھایا گیا

■ آپ کشمیر میں فوت ہوئے ☑ **یہ تمام قادیانیوں کے کفریہ عقائد ہیں**

**سوال نمبر32** | سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنی نشانیاں بیان فرمائی ہیں؟

■ تقریباً 50 سے زائد ■ تقریباً 100 سے زائد

■ تقریباً 120 سے زائد ☑ **تقریباً 150 سے زائد**

**سوال نمبر33** | مندرجہ ذیل میں سے سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی نشانیاں کونسی ہیں؟

■ جامع مسجد دمشق کے مشرقی مینار پر نازل ہونگے۔

■ جب نازل ہونگے تو دو زرد چادریں پہنی ہونگی۔

■ حج وعمرہ کریں گے۔

☑ **یہ تمام نشانیاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ہیں۔**

**سوال نمبر34** | مندرجہ ذیل نشانیوں میں سے کونسی نشانی حضرت مہدی علیہ السلام سے متعلق ہے؟

■ امام مہدی کا نام ''محمد'' ہوگا۔ ■ امام مہدی کی زبان عربی ہوگی۔

■ امام مہدی اہل مدینہ میں سے اور سید ہونگے۔ ☑ **یہ تمام نشانیاں امام مہدی علیہ السلام کی ہیں۔**

**سوال نمبر35** | مرزا قادیانی کا بچپن کیسا تھا؟

■ آوارہ تھا ■ چور تھا ■ بے ادب تھا ☑ **یہ سب درست ہے**

**سوال نمبر36** | مرزا قادیانی کی جوانی کیسی تھی؟

■ تھیٹر فلمیں دیکھنے جاتا تھا۔ ■ بے حیائی کے کام کرتا تھا۔

■ گھر سے بھاگ گیا تھا۔ ☑ **یہ سب درست ہے۔**

**سوال نمبر37** | مرزا قادیانی کی خدمت گزار عورتوں کے نام کیا ہیں؟

■ منشیانی اور بھانو ■ فجو اور مہرو ■ ڈاکٹرنی ☑ **یہ سب درست ہیں**

**سوال نمبر38 | مرزا قادیانی کے فرشتوں کے نام کیا ہیں؟**

- ■ ٹیچی ٹیچی ، خیراتی
- ■ مٹھن لال، درشنی
- ■ میٹھی روٹی والا فرشتہ
- ☑ **یہ سب مرزا کے فرشتے تھے**

**سوال نمبر 39 | مرزا قادیانی کو شیطانی وحی کس کس زبان میں آتی تھی؟**

- ■ انگلش، اُردو
- ■ پنجابی
- ■ الجبری
- ☑ **ان سب زبانوں میں آتی تھی**

**سوال نمبر40 | پاکستان کا آئین اور قانون قادیانیوں کو کس چیز سے روکتا ہے؟**

- ☑ **اسلامی علامات کے استعمال سے**
- ■ خود کو پاکستانی کہنے سے
- ■ خود کو قادیانی کہنے سے
- ■ خود کو غیر مسلم کہنے سے

**سوال نمبر41 | قادیانیوں کو شعائر اسلامی سے روکنے والا قانون کون سا ہے؟**

- ☑ 298 b , 298
- ■ 295 c
- ■ 153 A
- ■ ان میں سے کوئی بھی نہیں

**سوال نمبر42 | کیا قادیانی پاکستان کے قانون کو مانتے ہیں؟**

- ■ بالکل نہیں مانتے ہیں
- ■ مذاق اُڑاتے ہیں
- ■ قانون کا انکار کرتے ہیں
- ☑ **تینوں جواب درست ہیں**

**سوال نمبر43 | آج کل کے دور میں گمراہی کے پھیلنے کے اسباب کیا ہیں؟**

- ■ فتنوں سے لاعلمی
- ■ اسلامی عقائد سے لاعلمی
- ■ عمل میں کمزوری
- ☑ **یہ تمام اسباب**

**سوال نمبر 44 | تعلیمی اداروں کے طلباء ختم نبوت کا کام کیسے کر سکتے ہیں؟**

- ■ اپنے ادارے میں محنت کر کے
- ■ مستقل اس کام کو سیکھ کر اس کی معلومات حاصل کریں
- ■ اپنے گھر والوں، دوستوں اور رشتہ داروں کو آگاہی دے کر
- ☑ **ان تمام طریقوں سے**

**سوال نمبر 45 |** آپ سوشل میڈیا پہ ختم نبوت کا کام کیسے کر سکتے ہیں؟

■ نوجوانوں کے وٹس ایپ گروپ اور فیس بک پیج کو لائک کر کے

■ نوجوانوں کے ٹویٹر اکاؤنٹ میں شامل ہو کر

■ نوجوانوں کی ویب سائیٹ استعمال کر کے

☑ **ان تمام طریقوں سے**

**سوال نمبر 46 |** بحیثیت مسلمان ہم عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت کے لیے کیا لگا سکتے ہیں؟

■ عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت کے لیے اپنی دولت اور وقت لگا سکتے ہیں

■ عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت کے لیے اپنی صلاحیتیں لگا سکتے ہیں

■ عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت کے لیے اپنی جان کی بازی لگا سکتے ہیں

☑ **عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت کے لیے یہ سب کچھ لگا سکتے ہیں**

**سوال نمبر 47 |** ایک مسلمان کو ختم نبوت کے موضوع پر کب کام کرنا چاہیے؟

■ ہر ہفتے ■ ہر مہینے ■ کبھی کبھی ☑ **روزانہ**

موضوع

02

# عظمتِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کوئز

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے :**

1. صحابی کی تعریف
2. اسلام میں صحابہ کا مقام
3. قرآن وحدیث میں صحابہ کو دیے گئے اعزازات
4. درجات اور فضیلت کے اعتبار سے صحابہ کی درجہ بندی
5. اہل بیت کی تعریف نیز صحابہ سے ان کا تعلق

موضوع

# 02

# عظمت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کوئز

## مختصر سوالات

**سوال نمبر01 |** انبیاء علیہم السلام کے بعد کائنات میں سب سے افضل جماعت کون سی ہے؟

**جواب:** انبیاء علیہم السلام کے بعد کائنات میں سب سے افضل جماعت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ہے۔

**سوال نمبر02 |** صحابی کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** صحابی اُس شخص کو کہتے ہیں جس نے ایمان کی حالت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہو یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا ہو اور اس کی وفات حالتِ ایمان میں ہوئی ہو۔

**سوال نمبر 03 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا مختصر تعارف بیان کیجیے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اللہ تعالیٰ کی وہ خاص جماعت ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت اور دین کی مدد و نصرت کے لیے پسند فرمایا۔

**سوال نمبر04 |** قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کا تذکرہ کن الفاظ میں فرمایا؟

**جواب:** قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اپنے خاص اور منتخب بندے قرار دیتے ہوئے فرمایا ''سلام ہے اُن بندوں پر جنھیں اللہ نے منتخب فرمایا۔

**سوال نمبر05 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تعداد کتنی ہے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تعداد تقریباً ''ڈیڑھ لاکھ'' کے قریب ہے۔

**سوال نمبر 06** | کیا تمام صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین مرتبے میں برابر ہیں؟

**جواب:** مرتبے کے اعتبار سے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مختلف درجے ہیں۔ البتہ تمام صحابہ باقی اُمت سے افضل ہیں۔

**سوال نمبر 07** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سب سے افضل صحابی کون سے ہیں؟

**جواب:** تمام صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں چار صحابی سب سے افضل ہیں جن کے نام بالترتیب یہ ہیں۔

01 | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

02 | حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

03 | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

04 | حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 08** | ہجرت کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** اللہ کے دین کی خاطر ایسے علاقے کو چھوڑ دینا جہاں دین پر عمل کرنا مشکل ہو ہجرت کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 09** | مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جنھوں نے دین اسلام کی خاطر مدینہ ہجرت کی مہاجر صحابہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر 10** | انصار صحابہ رضی اللہ عنہم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جنہوں نے دین کی خاطر ہجرت کرنے والے صحابہ کی اپنی جان و مال سے مدد ونصرت کی انصاری صحابہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر 11** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار مدینہ سے بیعت لیتے ہوئے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہاری جان میری جان ہے تم مجھ سے اور میں تم سے ہوں۔ جس سے تمہاری جنگ ہے اُس سے ہماری جنگ ہے جس سے تمہاری صلح ہے اُسی سے ہماری صلح ہے۔ اس پر انصاری صحابہ بہت خوش ہوئے۔

**سوال نمبر 12** | عشرہ مبشرہ صحابہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جنتی ہیں لیکن وہ دس صحابی رضی اللہ عنہم جنھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ہی مجلس میں نام لے کر جنت کی بشارت دی عشرہ مبشرہ صحابہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر13** | عشرہ مبشرہ صحابہ کے نام لکھیں/ بتائیں۔

**جواب:** 01 | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ — 02 | حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

03 | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ — 04 | حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

05 | حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ — 06 | حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

07 | حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ — 08 | حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

09 | حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ — 10 | حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 14** | کاتبین وحی کسے/ کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن کریم واحادیث کو لکھنے کے لیے ایک مستقل اور باقاعدہ شعبہ قائم فرمایا۔اس کام کے لیے جن صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو مقرر فرمایا اُن کو کاتبین وحی کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر15** | کاتبین وحی کے نام لکھیں/ بتائیں؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وحی لکھنے کے لیے جن صحابہ کو مقرر فرمایا اِن میں سے چند مشہور صحابہ کے نام درج ذیل ہیں۔

01 | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ — 02 | حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

03 | حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ — 04 | حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ

05 | حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ — 06 | حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 16** | اصحاب صفہ کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں صفّہ نام کا ایک چبوترہ تھا۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت علم دین سیکھنے کے لیے ہر وقت یہاں حاضر رہتی ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اصحاب صفہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

**سوال نمبر17** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب صفہ کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** اصحابہ صفہ کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کا مفہوم درج ذیل ہے: یہ صبح وشام خدا کے پاکیزہ اور گھروں یعنی مساجد میں خدا کا ذکر کرتے ہیں یہ زمین پر نہایت آہستگی، وقار اور تواضع سے چلتے ہیں۔اپنی چال میں اکڑتے اور اتراتے نہیں۔قرآن کی تلاوت کا اہتمام کرتے ہیں ان کی روحیں دنیا میں جبکہ دل آخرت سے جڑے رہتے

ہیں، انھیں آخرت کے سوا کسی شے کی فکر نہیں ہوتی۔ یہ ہمہ وقت اپنی آخرت اور قبر میں حاضری کی تیاری میں رہتے ہیں۔

**سوال نمبر 18 |** قرآن وسنت کی تعلیمات کو کن شخصیات نے دنیا تک پہنچایا؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جیسی بے پناہ محبت کرنے والی جماعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمائی جنھوں نے قرآن وسنت کی تعلیمات کو پوری دنیا تک پہنچائیں۔

**سوال نمبر 19 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دین اسلام کے لیے کس طرح کی تکالیف برداشت کیں؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دین اسلام کے لیے سخت سے سخت تکالیف برداشت کیں اور اس کی خاطر بڑی سے بڑی قربانیاں دیں۔ مکہ کی سخت پتھریلی زمین، شدید گرم ریت اور آگ کے انگاروں پر لٹا کر سزائیں دی جاتیں۔ لوہے کی زرہ پہنا کر دھوپ میں ڈال دیا جاتا لوہے کو گرم کر کے سروں کو داغا جاتا۔ سخت تشدد کی وجہ سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین بے ہوش ہو جاتے۔

**سوال نمبر 20 |** حدیث مبارکہ میں دانائی کی جڑ کس کو قرار دیا ہے؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث مبارکہ میں ارشاد فرمایا کہ دانائی کی جڑ اللہ کا خوف ہے۔

**سوال نمبر 21 |** صحابہ کرام میں اللہ کے خوف کی کیفیت بیان کریں؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں اللہ رب العزت کے غضب سے ڈرتے تھے۔ وہ اس خوف کی وجہ سے اکثر رویا کرتے تھے۔ سیرت کی کتابوں میں منقول ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اللہ کے خوف سے بہت زیادہ رویا کرتے تھے۔ حتی کہ ان کی آنکھیں ضائع ہو گئیں۔ اسی طرح عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ خوفِ خدا سے اس قدر روتے تھے کہ ان کے چہرے پر آنسوؤں کے بہنے کی وجہ سے نشان پڑ گئے تھے۔

**سوال نمبر 22 |** صحابہ کی اللہ سے محبت کی کیفیت کیا تھی؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اللہ کی محبت اور اطاعت کو تمام چیزوں پر مقدم رکھتے تھے۔ یہاں تک کہ نماز کے اوقات میں وہ اپنی تجارت، دوکانوں کو کھلا چھوڑ کر مسجدوں کی طرف چلے جاتے۔

**سوال نمبر 23 |** ایثار کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** اپنی ضرورت کو دوسرے کی ضرورت پر قربان کرنے کو ایثار کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 24** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ایثار کا کوئی ایک واقعہ نقل کریں؟

**جواب:** صحابہ کرام کی پوری زندگی ایثار اور قربانی کا نمونہ ہے۔ وہ اپنی ضروریات کو دوسروں پر قربان کرنے میں دیر نہیں لگاتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک صحابی کو کسی نے بکرے کی سری صدقہ کی انہوں نے سوچا کہ میرے فلاں ساتھی زیادہ ضرورت مند ہیں لہٰذا یہ سری انھیں دے دی ان صاحب کو ایک اور صحابی کے متعلق یہی خیال پیدا ہوا حتیٰ کے سات گھروں میں پھر کر وہ سری دوبارہ سب سے پہلے صحابی کے پاس لوٹ آئی۔

**سوال نمبر 25** | اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کے ایثار کی تعریف کن الفاظ میں بیان فرمائی ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے صحابہ کی یہ صفت کچھ یوں بیان فرمائی ہے: وہ لوگ (صحابہ کرام) اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں گو کہ ان کے اوپر فاقہ (تنگی) ہی ہو۔

**سوال نمبر 26** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کس طرح کی زندگی گزاری؟

**جواب:** صحابہ کرام نے بالکل سادہ اور اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مکمل اطاعت وفرمانبرداری میں زندگی گزاری۔

**سوال نمبر 27** | صحابہ کی نماز کی کیفیت کیا ہوتی تھی؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین خشوع اور خضوع کے ساتھ دنیا سے بے رغبت ہو کر نماز ادا کرتے تھے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نماز کے لیے اس طرح کھڑے ہوتے گویا زمین میں لکڑی گڑی ہو۔ یعنی بالکل حرکت نہیں کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہادت سے پہلے جب خنجر مار کر زخمی کیا گیا تو زخمی حالت میں بھی جب ہوش آتا، فوراً نماز پڑھنے لگتے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بدن پہ نماز کے دوران کپکپی طاری ہو جاتی۔

**سوال نمبر 28** | قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کس اعزاز سے نوازا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کو بے شمار اعزازات عطا فرمائے ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کامیاب، ہدایت یافتہ اور پکے سچے مومن قرار دیا ہے اور انھیں سب سے بڑا اعزاز یہ عطا فرمایا کہ ان کے حق میں اپنی دائمی رضامندی و خوشنودی کا اظہار دنیا میں ”رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ“ کے الفاظ سے فرمایا ہے۔

**سوال نمبر 29** | ”رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ کا ترجمہ کیا ہے؟

**جواب:** اللہ صحابہ کرام سے راضی رہے گا اور صحابہ اللہ سے راضی رہیں گے۔

**سوال نمبر 30** | اللہ کریم جس شخص سے اپنی دائمی رضامندی کا اظہار کرے، کیا اس سے ناراض ہوسکتا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ تمام کائنات کا خالق ہے۔ وہ ہر چیز کی اصل کو خوب جانتا ہے۔ لہٰذا اسے خوب خبر ہے کہ جس شخص کو اس نے اپنی رضا حاصل کرنے کے لیے منتخب فرمایا ہے۔ وہ کبھی اس کی نافرمانی نہیں کرے گا۔

**سوال نمبر 31** | قرآن مجید کی کتنی آیات میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذکر آیا ہے۔

**جواب:** قرآن مجید کی تقریباً 1200 آیات میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذکر آیا ہے۔

**سوال نمبر 32** | کتنی احادیث مبارکہ میں صحابہ کرام کے فضائل واوصاف بیان کیے گئے ہیں؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تقریباً ''دو ہزار (2000) احادیث مبارکہ'' میں اپنے صحابہ کے فضائل اوصاف اور کمالات کو بیان فرمایا ہے۔

**سوال نمبر 33** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ''صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت'' کو کس چیز کی علامت قرار دیا؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ''میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت رکھنا'' میری محبت کی علامت ہے۔

**سوال نمبر 34** | قرآن وحدیث میں امت مسلمہ کو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

**جواب:** قرآن وحدیث میں امت مسلمہ کو صحابہ کرام کا ادب واحترام اور اُن کی پیروی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

**سوال نمبر 35** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو عام اُمت میں کیا امتیاز حاصل ہے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین امت مسلمہ کا وہ مقدس گروہ ہے جو عام افراد کی طرح نہیں۔ بلکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اُمت کے درمیان ایک مقدس واسطہ ہونے کی وجہ انھیں خاص مقام اور مرتبہ حاصل ہے۔

**سوال نمبر 36** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے سلوک کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کیا تلقین فرمائی؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''میرے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے اچھا سلوک کرو'' نیز فرمایا: ''میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اکرام کرو'' ایک اور موقع پر آپ نے فرمایا: ''میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بُرا بھلا نہ کہو''۔

**سوال نمبر 37** | کس نبی کی سیرت مکمل طور پر محفوظ شکل میں موجود ہے؟

**جواب:** ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سیرت، احوال اور واقعات مکمل طور پر محفوظ شکل میں موجود ہیں؟

**سوال نمبر 38** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اقوال وافعال، حالات وواقعات کن لوگوں کے ہاتھوں محفوظ کیے گئے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے والہانہ محبت رکھتے تھے کہ انھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکمل سیرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے نکلنے والا ہر لفظ اور آپ سے سرزد ہونے والا ہر فعل اپنی یادداشت میں محفوظ کرلیا۔ پھر اس خزانے کی اپنی جان سے بڑھ کر حفاظت کی۔

**سوال نمبر 39** | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی کیا فضیلت بیان فرمائی ہے؟

**جواب:** حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے"ستارے آسمانوں کی سلامتی کا سبب ہیں جب یہ ستارے تاریک ہوجائیں گے تو قیامت برپا ہوگی" آگے فرمایا: "میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میری امت کی سلامتی کا ذریعہ ہیں۔ جب یہ دنیا سے اُٹھ جائیں گے تو اختلافات بڑھ جائیں گے۔"

**سوال نمبر 40** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے متعلق اسلامی عقیدہ یہ ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین انبیاء علیہم السلام کے بعد تمام مخلوق سے افضل ہیں وہ انبیاء کی طرح معصوم تو نہیں البتہ خطاء اور دانستہ گناہوں سے محفوظ ہیں۔

**سوال نمبر 41** | ایک عام صحابی رضی اللہ عنہ کا عمل باقی مسلمانوں سے کتنا افضل ہے؟

**جواب:** حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ گزارا ہوا ایک لمحہ، عام مسلمان کی تمام عمر کے اعمال سے افضل ہے۔

**سوال نمبر 42** | امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے نفرت رکھنے والے شخص کے متعلق کیا فرمایا؟

**جواب:** امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جس شخص کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ میں سے کسی کے متعلق نفرت موجود ہو۔ اُس کا ایمان خطرے میں ہے۔

**سوال نمبر 43** | خلیفہ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دورِ حکومت میں لوگوں کو کس بات پر پابند کیا؟

**جواب:** حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک مکتوب میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مقام کی وضاحت کرتے ہوئے لوگوں کو پابند کیا کہ تمھیں چاہیے کہ اپنے لیے وہی طریقہ اختیار کرو، جسے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اپنے لیے پسند کیا تھا۔

**سوال نمبر 44 |** ''صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں'' کا ذکر مختصر الفاظ میں بیان کریں؟

**جواب:** اللہ رب العزت نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر بے شمار نعمتیں نازل فرمائیں غزوات میں فرشتوں کے ذریعے ان کی مدد فرمائی سخت دھوپ میں ان پر بادل کا سایہ کیا۔ انھیں رزق میں برکت دی اور دنیا میں حکومت عطا فرمائی سب سے بڑھ کر انھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت و محبت عطا فرمائی اور براہ راست آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیض و تربیت حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔

**سوال نمبر 45 |** اہل بیت سے کون مراد ہیں؟

**جواب:** اہل بیت لغت میں گھر کے افراد کو کہتے ہیں۔ جب کہ اصطلاح میں اہل بیت سے مراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والے، جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیاں، نواسے، اور خلفاء راشدین شامل ہیں۔

**سوال نمبر 46 |** جنت میں اُن لوگوں کے سردار کون ہوں گے جو دنیا میں بڑی عمر میں وفات پا گئے تھے؟

**جواب:** حضرت علی کرم وجہہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جنت کے بزرگوں کے سردار حضرت ابوبکر صدیق و عمر فاروق رضی اللہ عنہما ہوں گے''۔

**سوال نمبر 47 |** جنت کی عورتوں کی سردار کون ہوں گی؟

**جواب:** جنت کی عورتوں کی سردار حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہوں گی۔

**سوال نمبر 48 |** جنت کے نوجوانوں کے سردار کون ہوں گے؟

**جواب:** جنت کے نوجوانوں کے سردار حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما ہوں گے۔

**سوال نمبر 49 |** قرآن مجید میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی آپس کی محبت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا گیا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی بہت سی صفات کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کی آپس

کی محبت کے بارے میں یوں فرمایا ہے: ''ان میں اخوت و بھائی چارگی قائم ہے''۔ ایک جگہ فرمایا: ''ان میں غم خواری و محبت کا رشتہ موجود ہے'' مزید فرمایا ''ان کے قلوب میں نرمی اور الفت پیدا کر دی گئی''۔

**سوال نمبر 50 |** حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''یہ دونوں دختر زادے (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بیٹے) ہماری اس دنیا کی خوشبو میں سے بہترین خوشبو ہیں۔''

**سوال نمبر 51 |** حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی اہل بیت سے محبت کی کیفیت بیان فرمائیں؟

**جواب:** حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اہل بیت سے بے انتہا محبت کرتے تھے۔ ازواج مطہرات کی رائے کو ہمیشہ فوقیت دی جاتی حسنین کریمین کی ان کی نظر میں بڑی قدر و منزلت تھی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین فرماتے ہیں کہ جب ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد آتی تو حسن حسین کو دیکھ لیتے۔

**سوال نمبر 52 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اہل بیت رضی اللہ عنہم کی محبت ہمارے لیے کس قدر اہمیت کی حامل ہے؟

**جواب:** تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین و اہل بیت رضی اللہ عنہم کی محبت ہمارے ایمان کا مرکز ہے۔ اگر ایمان کا مرکز محفوظ نہیں ہوگا تو ایمان بھی محفوظ نہیں ہوگا۔

موضوع

# 02

# عظمت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کوئز

## کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر01** | انبیاء علیہم السلام کے بعد کائنات میں سب سے افضل جماعت کون سی ہے؟

- ■ اولیاء کرام
- ☑ **صحابہ کرام رضی اللہ عنہم**
- ■ علماء کرام
- ■ شہداء اکرام

**سوال نمبر02** | صحابی کسے کہتے ہیں؟

- ■ جس نے ایمان کی حالت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہو۔
- ■ وہ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا ہو اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہو۔
- ☑ **دونوں جوابات درست ہیں۔**
- ■ دونوں جوابات غلط ہیں۔

**سوال نمبر03** | قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تذکرہ کن الفاظ میں فرمایا؟

- ■ یہ اللہ تعالیٰ کی جماعت ہے
- ■ یہ ہدایت یافتہ ہیں
- ■ یہ سچے لوگ ہیں
- ☑ **تمام جواب درست ہیں۔**

**سوال نمبر04** | صحابی کتنے ہیں؟

- ■ تقریباً سوا لاکھ
- ■ تقریباً ایک لاکھ
- ☑ **تقریباً ڈیڑھ لاکھ**
- ■ تقریباً دو لاکھ

**سوال نمبر05** | سب صحابہ رضی اللہ عنہم مرتبے میں برابر ہیں یا کم زیادہ؟

- ■ برابر ہیں
- ☑ **کم زیادہ**
- ■ دونوں درست ہیں
- ■ تقریبا برابر

**سوال نمبر06** | صحابہ رضی اللہ عنہم میں سب سے افضل صحابی کون ہیں؟

- ☑ **حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 07** | ہجرت کسے کہتے ہیں؟

- ■ دنیا کی خاطر وطن چھوڑنا
- ■ اولاد کی خاطر وطن چھوڑنا
- ☑ **دین کی خاطر وطن چھوڑنا**
- ■ رشتے داروں کی خاطر وطن چھوڑنا

**سوال نمبر 08** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مدینہ کی طرف ہجرت کیوں کی؟

- ■ دین اسلام کے لیے
- ■ اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کے لیے
- ■ مال کمانے کے لیے
- ☑ **پہلے دو جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 09** | انصار صحابہ رضی اللہ عنہم نے مہاجر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کس طرح مدد کی؟

- ■ اخلاقی حمایت کر کے
- ■ مالی مدد کر کے
- ■ جانوں کی حفاظت کر کے
- ☑ **تمام جواب درست ہیں**

**سوال نمبر10** | عشرہ مبشرہ صحابہ رضی اللہ عنہم کتنے ہیں؟

- ☑ دس
- ■ بیس
- ■ تیس
- ■ چالیس

**سوال نمبر11** | کاتبین وحی کن کو کہا جاتا ہے؟

- ■ قرآن مجید لکھنے والوں کو
- ■ احادیث لکھنے والوں کو
- ■ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطوط لکھنے والوں کو
- ☑ **تمام جواب درست ہیں**

**سوال نمبر12** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب صفہ رضی اللہ عنہم کی کیا صفات بیان فرمائیں؟

- ■ صبح وشام اللہ کا ذکر کرتے ہیں
- ■ تواضع سے چلتے ہیں
- ■ ہر وقت آخرت اور قبر کی تیاری میں رہتے ہیں
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 13** | قرآن وسنت کی تعلیمات کو دنیا تک سب سے پہلے کن شخصیات نے پہنچایا؟

- ☑ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے
- ■ حفاظ کرام نے
- ■ صوفیاء کرام نے
- ■ اولیاء کرام نے

**سوال نمبر 14** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دین اسلام کے لیے کس طرح کی تکالیف برداشت کیں؟

- ☑ سخت تکالیف
- ■ ہلکی تکالیف
- ■ معمولی تکالیف
- ■ درمیانی تکالیف

**سوال نمبر 15** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اللہ تعالیٰ کا خوف وڈر کس حد تک پایا جاتا تھا؟

- ☑ بہت زیادہ
- ■ بہت کم
- ■ بالکل بھی نہیں
- ■ تھوڑا بہت

**سوال نمبر 16** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اللہ تعالیٰ کی محبت کو مقدم رکھتے تھے۔

- ■ مال سے
- ■ اولاد سے
- ■ باغات سے
- ☑ تمام چیزوں سے

**سوال نمبر 17** | ایثار کسے کہتے ہیں؟

- ■ اپنی ضرورت کو دوسرے کی ضرورت پر قربان کرنے کو
- ■ اپنی خواہش کو دوسرے کی خواہش پر قربان کرنے کو
- ■ اپنی خواہش کو دوسرے کی خواہش پر مقدم رکھنے کو
- ☑ پہلے دونوں جواب درست ہیں

**سوال نمبر 18** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کیسی زندگی گزاری؟

- ■ سادہ زندگی
- ■ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں
- ■ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت میں
- ☑ تینوں جواب درست ہیں

**سوال نمبر 19** | قرآن مجید کے مطابق اللہ تعالیٰ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو کتنے اعزازات سے نوازا؟

- ☑ بے شمار
- ■ تین
- ■ چند ایک
- ■ پانچ

**سوال نمبر 20** | اللہ تعالیٰ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو کون سا سب سے بڑا اعزاز عطا فرمایا؟

- ■ دنیا کی بادشاہت عطا فرمائی
- ■ مال و دولت دی
- ☑ **دائمی رضامندی عطا فرمائی**
- ■ باغات عطا فرمائے

**سوال نمبر 21** | قرآن مجید کی کتنی آیات میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذکر آیا ہے؟

- ■ 1000
- ☑ **1200**
- ■ 1400
- ■ 1600

**سوال نمبر 22** | کتنی احادیث مبارکہ میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل و اوصاف بیان کیے گئے ہیں؟

- ■ ہزار
- ☑ **دو ہزار**
- ■ تین ہزار
- ■ چار ہزار

**سوال نمبر 23** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کو کس چیز کی علامت قرار دیا ہے؟

- ☑ **اپنی محبت کی علامت**
- ■ دنیا سے محبت کی علامت
- ■ اولاد سے محبت کی علامت
- ■ فرشتوں سے محبت کی علامت

**سوال نمبر 24** | قرآن و حدیث میں امت مسلمہ کو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں کیا حکم دیا گیا؟

- ■ ادب و احترام کا
- ■ محبت کا
- ■ پیروی کرنے کا
- ☑ **تینوں جواب درست ہیں**

**سوال نمبر 25** | کس نبی کی سیرت مکمل طور پر محفوظ ہے؟

- ■ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی
- ■ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی
- ■ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی
- ☑ **حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی**

**سوال نمبر 26** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت مبارکہ کو مکمل طور پر محفوظ کرنے کا شرف کسے حاصل ہوا؟

- ■ مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم کو
- ■ انصاری صحابہ رضی اللہ عنہم کو
- ■ اہل بیت رضی اللہ عنہم کو
- ☑ **تمام صحابہؓ اور اہل بیتؓ کو**

**سوال نمبر 27** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

■ انبیاء علیہم السلام کے بعد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تمام مخلوق سے افضل ہیں۔

■ اللہ تعالیٰ دنیا میں ہی تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے راضی ہو گئے۔

■ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جنتی ہیں۔

☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 28** | ایک عام صحابی کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ گزارا ہوا ایک لمحہ باقی مسلمانوں کی عبادت سے کتنا افضل ہے؟

☑ **پوری زندگی کی عبادات سے افضل ہے**

■ آدھی زندگی کی عبادات سے افضل ہے

■ برابر ہے

■ تمام جواب درست ہیں

**سوال نمبر 29** | امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے نفرت رکھنے والے شخص کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

■ اُس کا مال خطرے میں ہے

■ اُس کی جان خطرے میں ہے

☑ **اُس کا ایمان خطرے میں ہے**

■ کوئی جواب درست نہیں

**سوال نمبر 30** | حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دورِ حکومت میں لوگوں کو پابند کیا؟

■ سابقہ اُمتوں کے طریقہ کار کو اختیار کرنے پر

☑ **صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا طریقہ اختیار کرنے پر**

■ بادشاہوں کا طریقہ اختیار کرنے پر

■ صوفیاء کرام کا طریقہ اختیار کرنے پر

**سوال نمبر 31** | شریعت کی اصطلاح میں اہلِ بیت سے مراد ہے؟

☑ **نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والے**

■ حاتم طائی کے گھر والے

■ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جاننے والے

■ بادشاہ کے گھر والے

**سوال نمبر 32** | اہل بیت میں شامل ہیں؟

- ■ ازواج مطہرات
- ■ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹیاں
- ■ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسے
- ☑ **تمام جواب درست ہیں**

**سوال نمبر 33** | جنت میں جنتی نوجوانوں کے سردار کون ہوں گے؟

- ■ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہم**
- ■ حضرت معاذ و معوذ رضی اللہ عنہم
- ■ حضرت عثمان و علی رضی اللہ عنہم

**سوال نمبر 34** | جنت کے بزرگوں کے سردار کون ہوں گے؟

- ■ حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما**
- ■ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ و حضرت زبیر رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 35** | سیف اللہ (اللہ کی تلوار) کس کا لقب ہے؟

- ■ حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ**

**سوال نمبر 36** | قرآن مجید میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی باہمی محبت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا گیا؟

- ■ ان میں اخوت و بھائی چارگی قائم ہے
- ■ ان میں غم خواری و محبت کا رشتہ موجود ہے
- ■ ان کے دلوں میں نرمی و الفت پیدا کر دی گئی ہے
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 37** | مندرجہ ذیل صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے کس صحابی کو **مفسر قرآن** ہونے کا اعزاز حاصل ہے؟

- ■ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 38** | صحابہ کرام کو قرآن میں اللہ تعالیٰ نے قرار دیا؟

- ■ ہدایت یافتہ
- ■ کامیاب
- ■ پکے سچے مومن
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 39** | شام و عراق کس خلیفہ کے دورِ حکومت میں فتح ہوئے؟

- ■ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
- ☑ **حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

# حوالہ جات

موضوع 1

**ختم نبوت**

- ختم نبوت سیشن | تیسر علی

موضوع 2

**عظمت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم**

- مقام صحابہ | مفتی شفیع صاحب
- رحماء بینھم | مولانا نافع صاحب
- حیاۃ صحابہ | مولانا الیاس کاندھلوی رحمہ اللہ

## Lesson Plan for Grade 6 (4th Edition)

**Distribution for 1st Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)
**Total no. of days per week =** 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Qustions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 1 | 01-10 | 1st Month |
| 2 | 1 | 11-20 | 1st Month |
| 3 | 1 | 21-30 | 1st Month |
| 4 | 1 | 31-40 | 1st Month |
| 5 | 1 | 41-51 | 2nd Month |
| 6 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 7 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 2 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 2 | Quiz | 3rd Month |

**Distribution for 2nd Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)
**Total no. of days per week =** 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Questions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 3 | 01-11 | 1st Month |
| 2 | 3 | 12-22 | 1st Month |
| 3 | 3 | 23-33 | 1st Month |
| 4 | 3 | 34-44 | 1st Month |
| 5 | 3 | 45-52 | 2nd Month |
| 6 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 7 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 4 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 4 | Quiz | 3rd Month |